نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی فصل بارے ڈویژنل جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور: 25 مئی 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت کپاس کی فصل بارے ڈویژنل جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ملتان اور ڈی جی خان ڈویژنز میں کپاس کی کاشت کے سلسلہ میں جاری فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ڈویژنل ڈائریکٹر اپنے اور سٹاف کے فیلڈ کے دوروں میں مزید اضافہ کریں اور کاشتکاروں کی فنی رہنمائی کے سلسلہ میں جاری فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں۔اس مہم میں غفلت اور کوتاہی برتنے والے افسران و عمل کیخلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ آئندہ چند دنوں میں کسان سہولت سنٹرز قائم کردیئے جائیں گے جن کیلئے مناسب جگہوں کا انتخاب کیا جائے۔سہولت سنٹرز پر کاشتکاروں کو معیاری زہروں سمیت سپرے مشینری کی مقررکردہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی فصل کے اعدادوشمار درست رپورٹ کئے جائیں۔کپاس کی کاشت کا ہدف حاصل نہ کرنے والے افسران کا احتساب کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے جاری سرگرمیاں صبح سے شام تک موبائل ایپلیکیشن کے استعمال سے پیش کی جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس ایک چیلنجنگ فصل ہے۔گزشتہ سال محکمہ زراعت،ضلعی انتظامیہ اور محکمہ انہار کی کارکردگی اور مضبوط روابط سے کپاس کی کاشت و پیداوار کے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہوئے جس کو اعلیٰ سطح پر سراہا گیا اور ملکی معیشت پر بھی اس کے مثبت اثرات مرتب ہوئے۔انہوں نے مزید کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ گزشتہ سال کی نسبت زیادہ محنت اور جذبے سے فیلڈ سرگرمیاں سرانجام دی جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے متعلقہ فارمیشنز کو ہدایت کی کہ جعلی کھادوں و زہروں کے دھندے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے مانیٹرنگ کے عمل کو سخت کیا جائے اور ان کیخلاف سخت قانونی ایکشن لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ صرف خفیہ معلومات و مخبری کی بنیاد پر ہی چھاپے مارے جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اچھی شہرت اور معیاری پراڈکٹس فروخت کرنے والی پیسٹی سائیڈز کمپنیوں کو بے جا تنگ نہ کیا جائے اور سہولت سنٹرز کے قیام میں بھی ان کو خصوصی ٹاسک سونپے جائیں۔ڈویژنل و ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کرائے جائیں۔جنوبی پنجاب میں جاری شدید گرمی کی لہر کو مدنظر رکھتے ہوئے کپاس کی ایڈوائزری جاری کی جائے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے کہا کہ کپاس کی فصل پر سپرے کی ایڈوائزری جاری کرتے وقت احتیاط برتی جائے اور ہر ممکن حد تک پہلے سپرے میں تاخیر کی جائے۔سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے فیلڈ میں پیلے چپکنے والے کارڈز لگائے جائیں جبکہ گلابی سنڈی کی مانیٹرنگ کیلئے فیرامون ٹریپس بھی لگائے جائیں۔اس موقع پر کمشنر ملتان مریم خان نے کہا کہ کپاس کی کاشت اور پیداوار کے ہدف کے حصول کیلئے محکمہ زراعت کو بھرپور تعاون اور سپورٹ فراہم کی جارہی ہے۔اس مہم کی کامیابی کیلئے قومی فریضہ سمجھ کر عملی کردار ادا کیا جارہا ہے۔امسال ملتان ڈویژن میں 9 لاکھ 45 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کیلئے محکمہ زراعت کے فیلڈ سٹاف کو بھرپور سپورٹ فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے ڈویژنل کمیٹی کے